# مشینوں پر زکوٰۃ سے متعلق حکم

**مجیب:** مولانا محمد نوید چشتی عطاری مدنی

**فتوی نمبر:** WAT-3660

**تاریخ اجراء:** 14 رمضان المبارک 1446ھ / 15 مارچ 2025ء

## دارالافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

## سوال

زید کے پاس مشینیں ہیں، جن کے ذریعے کام کر کے وہ پیسہ کماتا ہے، ان مشینوں کی مالیت پر زکوٰۃ کا کیا حکم ہو گا؟

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اَلۡجَوَابُ بِعَوۡنِ الۡمَلِکِ الۡوَھَّابِ اَللّٰھُمَّ ھِدَایَۃَ الۡحَقِّ وَ الصَّوَابِ

زید پر ان مشینوں کی مالیت پر زکوٰۃ لازم نہیں ہوگی، اس وجہ سے کہ مشینری کام کرنے والے کے آلات کی مثل ہے اور کام کرنے والوں کے آلات و اوزار کو حاجاتِ اصلیہ میں شمار کیا جاتا ہے، ان پر زکوٰۃ لازم نہیں ہوتی۔

درر اور اس کی شرح غرر میں زکوٰۃ کی فرضیت کی شرائط میں ہے: "فارغ۔۔عن الحاجة الاصلية۔۔فلا تجب ۔۔في دور السكنى۔۔و آلات المحترفين" ترجمہ: (زکوٰۃ کی فرضیت کی شرائط میں سے ایک شرط یہ بھی ہے کہ) نصاب حاجتِ اصلیہ سے فارغ ہو، پس رہائشی گھروں اور پیشہ وروں کے آلات میں زکوٰۃ فرض نہیں ہوگی۔ (درر مع غرر، ج 1، ص 172، مطبوعہ دار احیاء الکتب)

"آلات المحترفین" کے تحت حاشیہ شرنبلالی میں ہے: "المراد بها ما لا يستهلك عينه في الانتفاع كالقدوم والمبرد او ما يستهلك ولا تبقى عينه كصابون وحرض لغسال حال عليه الحول و يساوى نصابا، لان الماخوذ بمقابلة العمل، اما لو اشترى ما تبقى عينه كعصفر و زعفران لصباغ و دهن و عفص لدباغ فان فيه الزكوة، لان الماخوذ فيه بمقابلة العين" ترجمہ: ان سے مراد ایسے آلات ہیں، جن سے نفع اٹھانے میں عین ہلاک نہیں کیا جاتا جیسے بڑھئی کا تیشہ اور رندا، یا جسے ہلاک کیا جاتا ہے اور اس کا عین باقی نہیں رہتا جیسا کہ صابون اور اشنان، نہلانے والے کے لئے، ان پر سال گزر جائے اور یہ نصاب کے برابر ہوں (تب بھی زکوٰۃ لازم نہیں) کیونکہ اجرت کام کے بدلے میں ہے۔ بہر حال ایسی چیز خریدی جس کا عین باقی رہتا ہے جیسا کہ رنگریز کے لئے عصفر (ایک زرد رنگ کی بوٹی جس سے کپڑے رنگے جاتے ہیں) اور زعفران اور دباغت کرنے والے کے لئے

تیل اور مازو(ایک قسم کی دوا جو سیال شے کو گاڑھا کر دیتی ہے)، تو ان میں زکوٰۃ ہو گی، اس لئے کہ اجرت عین کے مقابلے میں (بھی) ہے۔(حاشیہ شرنبلالی مع درروغرر، ج1، ص173، مطبوعہ، دار احیاء الکتب)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم


Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)

www.fatwaqa.com
daruliftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net